خاصیت: اس کا ذکر کرنے سے مال وعیال محفوظ رہے اور جس کی کوئی چیز گم ہو جائے اس کو بہت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مل جائے اور اگر اسقاط حمل کا اندیشہ ہو تو اس کو سات مرتبہ پڑھے تو ساقط نہ ہو اور سفر کے وقت جس بال بچہ کی طرف سے فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھے تو وہ مامون رہے۔ (اعمال قرآنی)

## ۵۹......بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ:

اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا



هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ، إِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ مَّا أُرْسِلْتُ بِهٖ إِلَيْكُمْ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ، وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْئًا، إِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ O

(سورہ ، ہود . آیت نمبر: ۵۶،۵۷)

## ۶۰......حفاظت بچہ کے لئے وظیفہ:

سورۂ جاثیہ،(پ۲۵) پیدائش بچہ کے وقت اس کولکھ کر باندھنے سے تمام آفات وموذی جانور سے محفوظ رہے گا۔(اعمال قرانی)

## ۶۱......بچوں کی نشوونما کے لئے وظیفہ:

اَلَّذِيْ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّاءٍ مَّهِيْنٍ ثُمَّ سَوّٰهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ .

(السجدہ:۷،۸،۹)

جب بچہ پیدا ہوئے سترہ دن گزر جائیں ان کو شیشہ کے برتن میں کر آب باران سے دھو کر دو حصہ کرے ایک حصہ اس بچے کی کھانے کی چیز میں ملائے اور ایک حصہ بوتل میں رکھ کر چھوڑے اور سات روز تک اس بچہ کو پلائیں اور اس کے منہ کو ملیں انشاء اللہ تعالیٰ خوب نشوونما ہوگی۔(اعمال قرآنی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ٦٢ ...... بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ:

اگر پیدائش کے وقت سورہ جاثیہ لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں پہنائی جائے تو آسیب وغیرہ سے حفاظت رہتی ہے۔ (گنجینہ اسرار)

## ٦٣ ...... اولاد کے فرمانبردار ہونے کا پہلا وظیفہ:

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھا کرے اور ذریتی کی جگہ اپنے بچے کا نام ذہن میں رکھے، وہ آیت یہ ہے:

وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي ، إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ ، وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ O

## ٦٤ ...... اولاد کے فرمانبردار ہونے کا دوسرا وظیفہ:

اگر نافرمان اولاد پر ایک ہزار مرتبہ "اَلشَّهِيْدُ" پڑھا جائے تو وہ فرمانبردار ہو جائے گی۔

## ٦٥ ...... زندہ نہ رہنے والے بچے کے لئے وظیفہ:

اگر بچہ زندہ نہ رہتا ہو تو اکتالیس تار نیلے سوت کے بچہ کی ماں کے قد کے برابر لیکر اس پر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور ہر مرتبہ گرہ دیتا جائے، جب اکتالیس گرہ پوری ہو جائیں تو عورت کی کمر میں باندھ دے اور جب بچہ پیدا ہو جائے تو اس دھاگہ کو موم جامہ میں سی کر بچے کے گلے میں باندھ دے۔

اس طرح گیارہ سال تک مسلسل دھاگوں پر سورہ مزمل پڑھ کر بچے کے گلے



میں باندھتا رہے جب بچہ "اگر اللہ نے چاہا" گیارہ سال کا ہو جائے تو ان سب دھاگوں کو کسی پاک جگہ دفن کر دے، انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے بچہ زندہ رہے گا۔ (گنجینہ اسرار)

## ٦٦ ...... استقرار حمل کے لئے پہلا وظیفہ:

جس شخص کو اولاد سے مایوسی ہو، تو وہ دو انڈے ابال کر ان کا چھلکا اتار دے، ان میں سے ایک انڈے پر یہ آیت لکھے:

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِأَيْدٍ وَّإِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ O

اور دوسرے انڈے پر یہ لکھے:

وَالْأَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ O

پہلا انڈہ مرد کو کھلا دیں، اور دوسرا انڈہ عورت کو کھلائیں، چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھیں، اس دوران جماع بھی کرتا رہے، انشاء اللہ حمل ٹھہر جائے گا۔

## ٦٧ ...... استقرار حمل کے لئے دوسرا وظیفہ:

جب عورت حیض سے پاک ہو جائے تو مندرجہ ذیل تین تعویذات لکھ کر اس عورت کو کھلائیں، امید کامل تو یہ ہے کہ پہلا تعویذ کھانے سے ہی حمل ٹھہر جائے گا، ورنہ دوسرا تعویذ کھلائیں، انشاء اللہ تیسری بار مرد کے قریب جاتے ہی عورت حاملہ ہو جائے گی اور فرزند پیدا ہوگا۔ ان تینوں تعویذات کو مشک، زعفران اور گلاب سے لکھے :

پہلا تعویذ :

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ، ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ O هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ طِیْنٍ، ثُمَّ قَضٰی اَجَلًا، وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ O

دوسرا تعویذ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ، وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ، ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ O هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ طِیْنٍ، ثُمَّ قَضٰی اَجَلًا، وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ O

یا أهیا استراهیا O

تیسرا تعویذ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ، وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ، ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ O هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ طِیْنٍ، ثُمَّ قَضٰی اَجَلًا، وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ O أهیا أزونی أصبا وتوف اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَکَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا وَّکَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا وَّذٰلِکَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ O



## ۶۸ ...... استقرار حمل کے لئے تیسرا وظیفہ:

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو مندرجہ ذیل آیت چالیس دن تک چینی کے پیالے میں لکھ کر پلائیں اور کاغذ پر لکھ کر کمر میں باندھیں، انشاء اللہ حمل ٹھہر جائے گا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O لِلّٰهِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ، اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُکْرَانًا وَّاِنَاثًا، وَیَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا، اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ O (آئینہ عملیات)

## ۶۹ ...... استقرار حمل کے لئے چوتھا وظیفہ:

جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو، میاں بیوی جمعہ کے روز روزہ رکھیں۔ شکر، بادام اور روٹی سے روزہ افطار کریں، پانی بالکل نہ پیویں اور درج ذیل آیات شیشہ کے جام پر اس شہد سے جس کو آگ نہ پہنچی ہو لکھ کر آب شیریں پاک سے دھو کر سفید نخود دو سو چوبیس دانے لیکر اور ہر دانہ پر یہ آیات پڑھ کر اس پانی کو ہنڈیا میں ڈال کر وہ نخود اس میں ڈال دیں اور خوب تیز آنچ کر دیں پھر عشاء کی نماز پڑھ کر سورہ مریم پڑھے، جب نخود خوب پک جائیں پانی سے نکال لیں اور اس میں تھوڑا آب انگور اضافہ کر کے آدھا آدھا دونوں میاں بیوی پئیں اور تھوڑی دیر سو رہیں پھر اٹھ کر مباشرت کریں، انشاء اللہ تعالیٰ اسی روز حمل قرار پائے گا اور اگر تین شب تک اسی طرح غذا کھانے سے پہلے ایسا کریں تو اولاد بہت اچھی ہو۔ وہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



آیات یہ ہیں:

وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَکَانَتِ
امْرَأَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا یَّرِثُنِیْ
وَیَرِثُ مِنْ آلِ یَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا یٰزَکَرِیَّا
اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ اِسْمُهٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَهٗ مِنْ
قَبْلُ سَمِیًّا قَالَ رَبِّ اَنّٰی یَکُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّکَانَتِ
امْرَأَتِیْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْکِبَرِ عِتِیًّا قَالَ
کَذٰلِکَ قَالَ رَبُّکَ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُکَ
مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَکُ شَیْئًا قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْ آیَةً
قَالَ آیَتُکَ اَلَّا تُکَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَیَالٍ سَوِیًّا
فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰی اِلَیْهِمْ
اَنْ سَبِّحُوْا بُکْرَةً وَّعَشِیًّا یٰیَحْیٰی خُذِ الْکِتٰبَ
بِقُوَّةٍ وَّآتَیْنٰهُ الْحُکْمَ صَبِیًّا وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَ
زَکٰوةً وَّکَانَ تَقِیًّا وَّبَرًّا بِوَالِدَیْهِ وَلَمْ یَکُنْ جَبَّارًا
عَصِیًّا وَّسَلٰمٌ عَلَیْهِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ
یُبْعَثُ حَیًّا . (سورہ مریم) (اعمال قرآنی)

## ۷۰......استقرار حمل کے لئے پانچواں وظیفہ:

جس روز عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے (اس روز) ایک بکری کا بچہ فربہ ذبح کر کے ایک دیگچہ میں تھوڑا پانی یخنی کے طور پر پکایا جائے اور وہ پانی عورت کو پلایا جائے اور برتن میں سورہ فاتحہ اور درود شریف اور حرف ابجد سے



ضظغ تک اور دوسرے برتن میں درج ذیل آیت لکھ کر پانی میں حل کر کے وقتِ قربتِ شوہر پی لیوے، انشاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہر جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

قَالَ اِنَّمَا اَنَا رَسُوْلُ رَبِّکِ لِاَهَبَ لَکِ غُلٰمًا
زَکِیًّا قَالَ رَبُّکَ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ وَّلِنَجْعَلَهٗ آیَةً
لِّلنَّاسِ رَحْمَةً مِّنَّا وَکَانَ اَمْرًا مَّقْضِیًّا فَحَمَلَتْهُ
بِعَوْنِ اللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ بِلُطْفِ اللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ بِلَاحَوْلَ
وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَکَانًا قَصِیًّا . اِنَّمَا
اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ . (اعمال قرآنی)

## ۷۱......استقرار حمل کے لئے چھٹا وظیفہ:

عورت کے حاملہ ہونے کے واسطے یہ آیتیں ریحان اترجی کے سات پتوں پر لکھ کر عورت اس کو ایک ایک پتہ کر کے نگل جائے اور ہر پتہ پر زرد رنگ کی گائے کا دودھ ایک ایک گھونٹ پی جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو حمل قرار پائے گا۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ
نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّکِیْنٍ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً
فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا
فَکَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا آخَرَ
فَتَبٰرَکَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ . (مؤمنون: ۱۲، ۱۳، ۱۴)

(اعمال قرآنی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۷۲...... استقرار حمل کے لئے ساتواں وظیفہ:

اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

خاصیت:...... بکثرت اس کا ذکر کرنے سے صنائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو اور اگر بانجھ عورت سات روز تک روزہ رکھے اور پانی سے افطار کرے اور بعد افطار ۲۱ بار پڑھے انشاءاللہ حمل قرار پائے گا اور اولاد ہوگی۔ (اعمال قرآنی)

## ۷۳...... حمل ضائع ہونے سے بچنے کا پہلا وظیفہ:

وضو کر کے ایک گوشے میں بیٹھ کر یہ کلمات لکھیں اور عورت کے پیٹ پر باندھیں انشاءاللہ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَمْلَ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْنَ . (آئینہ عملیات)

## ۷۴...... حمل ضائع ہونے سے بچنے کا دوسرا وظیفہ:

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو سرخ کسوم کا رنگا ہوا دھاگہ ساس کے قد کے برابر لے اور سات یا گیارہ یا اکیس تار لے کر اس پر نو گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ



وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ .

(سورۃ نحل آیت ۱۲۷۔۱۲۸)

اور سورۃ کافرون پڑھ کر پھونکے دھاگہ عورت اپنی کمر پر باندھے انشاءاللہ حمل محفوظ رہے گا۔ (کمالات عزیزی، اعمال قرآنی)

## ۷۵...... حمل ضائع ہونے سے بچنے کا تیسرا وظیفہ:

ایک کاغذ پر نو مرتبہ لکھیں ابتدا میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اول آخر درود شریف۔ پھر اس کا تعویذ بنا کر عورت کے پیٹ پر باندھیں۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ .

(سورۃ نحل آیت ۱۲۷۔۱۲۸)

زکوۃ:...... جمعۃ المبارک کی رات ایک ہزار بار پڑھیں۔ (تحفہ صندلیہ)

## ۷۶...... حمل ضائع ہونے سے بچنے کا چوتھا وظیفہ و تعویذ:

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا. (سورہ فاطر ۴۱)

اس آیت کے ۴۱ پینے والے تعویذ بنائیں پھر روزانہ اس میں سے ایک تعویذ حاملہ عورت چاٹ لے اور حفاظت حمل کا تصور کرے۔ (تحفہ صندلیہ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۷۷......نرینہ اولاد کے لئے پہلا وظیفہ:

جب حمل اڑھائی ماہ کے قریب ہو اور تین ماہ کامل نہ گزرے ہوں تو صبح کی نماز کے بعد باوضو حالت میں پہلے درود شریف پڑھے اور پھر سورہ فاتحہ اور پھر سورہ بقرہ الم ذلک الکتب لا ریب فیہ تک پڑھیں اور نئے مٹی کے آبخورہ میں پانی لیکر اس پر دم کر کے حاملہ عورت کو پلا دیں، سات دن تک یہ عمل کریں، انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا، مجرب ہے۔ (فلاح دارین)

## ۷۸......نرینہ اولاد کے لئے دوسرا وظیفہ:

حمل کے پہلے مہینہ میں اگر عورت کی داہنی پسلی پر سورہ اعلیٰ لکھ دیں تو انشاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہوگی ۔(اعمال قرآنی)

## ۷۹......نرینہ اولاد کے لئے تیسرا وظیفہ:

اوائل حمل یعنی تیسرے مہینہ شروع ہونے سے پہلے پہلے عورت کی ناف پر ہاتھ رکھے اور عورت چت لیٹی ہو تو ناف پر ہاتھ پھیرتا ہوا مندرجہ ذیل دعا تین مرتبہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ
فَکَوِّنْهُ ذَکَرًا وَّاُسَمِّیْهِ اَحْمَدَ وَمُحَمَّدًا بِحَقِّ
مُحَمَّدٍ حَبِیْبِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ
الْغُیُوْبِ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ



## ۸۰......نرینہ اولاد کے لئے چوتھا وظیفہ:

سورہ یوسف اس طرح لکھے کہ کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو، تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالے، انشاء اللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ (گنجینۂ اسرار)

## ۸۱...... نرینہ اولاد کے لئے پانچواں وظیفہ:

اور جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو حمل پر تین مہینہ گزرنے سے پہلے ہرن کی جھلی میں زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھے۔

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ
وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عٰلِمُ الْغَیْبِ
وَالشَّهَادَةِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ . (الرعد:۸،۹)

اور اس آیت کو لکھے

یٰزَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ
لَهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا (مریم:۷)

پھر یہ لکھے

بِحَقِّ مَرْیَمَ وَعِیْسٰی ابْنًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمْرِ
بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ

پھر اس تعویذ کو حاملہ کے باندھے رہے۔ (اعمال قرآنی)

## ۸۲......نرینہ اولاد کے لئے چھٹا وظیفہ:

جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو اس کے پیٹ پر گول لکیر کھینچے اور ستر

Presented By: https://jafrilibrary.com

بار انگلی پھیرنے کے ساتھ "یَا مَتِیۡنُ" کہے۔ (اعمال قرآنی)

## ۸۳......اولاد زندہ رہنے کا وظیفہ:

جس عورت کا لڑکا زندہ نہ رہتا ہو تو اجوائن اور کالی مرچ لے دونوں چیزوں پر دوشنبہ کے روز دوپہر چالیس بار سورۃ والشمس پڑھے ہر بار درود پڑھ کر شروع کرے اور اسی پر ختم کرے اس کو ہر روز عورت کھایا کرے حمل کے دن سے لڑکے کے دودھ چھڑانے تک۔ (اعمال قرآنی)

## ۸۴......ولادت میں آسانی کا پہلا وظیفہ:

مندرجہ ذیل آیات اور دعا کو لکھ کر دردِ زہ والی عورت کی ران میں باندھنے اور اسے لکھ کر دھو کر پلانے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے، یہ عمل نہایت ہی مجرب ومفید ہے، لیکن ولادت کے بعد فوراً کھول دے: آیات اور دعا یہ ہے:

سورہ اخلاص، سورہ فلق، سورہ الناس (پوری لکھیں اور اس کے بعد یہ لکھیں):

اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ وَاِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ وَاَلۡقَتۡ مَا فِیۡهَا وَتَخَلَّتۡ وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ ...... اَللّٰهُمَّ يَا مُخَلِّصَ النَّفۡسِ مِنَ النَّفۡسِ وَيَا مُخۡرِجَ النَّفۡسِ مِنَ النَّفۡسِ يَا عَلِيۡمُ يَا قَدِيۡرُ خَلِّصۡ فُلَانَةَ مِمَّا فِیۡ بَطۡنِهَا مِنۡ وَّلَدِهَا خَلَاصًا فِیۡ عَافِيَةٍ اِنَّکَ اَنۡتَ اَرۡحَمُ الرَّاحِمِيۡنَ۔

فلانۃ کی جگہ اس عورت کا نام لکھا جائے۔ (اعمال قرآنی)



## ۸۵......ولادت میں آسانی کا دوسرا وظیفہ:

جو عورت دردِ زہ میں مبتلا ہو اس کے پیٹ یا کمر پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کیا جائے یا اسے لکھ کر باندھ دیا جائے تو ولادت آسانی سے ہو جائے گی۔
(اعمال قرآنی)

## ۸۶......مردہ بچہ کو پیٹ سے نکالنے کا وظیفہ:

جس عورت کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہو تو مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر اور دھو کر پلایا جائے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچہ جلد باہر نکل آئے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے:

ح ح غ ع د د ک ر د ط ۱ ۵ ۲ کـہ ا کـہ
ک و و۔ (آئینہ عملیات)

## ۸۷......پیٹ میں خشک ہونے والے کیلئے وظیفہ:

اگر کسی عورت میں بچہ خشک ہو جائے تو مندرجہ ذیل تعویذ کو پانی میں گھول کر پلائیں، انشاء اللہ بچہ زندہ اور تندرست پیدا ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم علے علے علے
علے علے له له له له له مه مه مه
مه مه مه میسر میسر میسر میسر
میسر میسر میسر۔

(مجربات وتعویذات)

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۸۸ ...... ماں کا دودھ نہ پینے والے کیلئے پہلا وظیفہ:

مندرجہ ذیل آیت کو کورے برتن میں لکھ کر اس میں پانی ڈالیں اور وہ پانی اس بچہ کو پلائیں، انشاء اللہ ماں کا دودھ پینا شروع کر دے گا۔ وہ آیت یہ ہے

سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ .

(طب روحانی)

## ۸۹...... ماں کا دودھ نہ پینے والے کیلئے دوسرا وظیفہ:

اگر بچہ روتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو تو ایک کاغذ پر درج ذیل مبارک آیتوں کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دیں، رونا بند ہو جائے گا اور دودھ پینا شروع کر دے گا نہایت مجرب ہے۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ . (طب روحانی)

## ۹۰ ...... بچہ کا دودھ چھڑانے کے لئے پہلا وظیفہ:

سورہ بروج لکھ کر اس بچہ کے گلے میں باندھ دیں تو بچہ دودھ آسانی کے ساتھ چھوڑ دے گا۔ (اعمال قرآنی، کمالات عزیزی)



## ۹۱ ...... بچہ کا دودھ چھڑانے کے لئے دوسرا وظیفہ:

جو بچہ آسانی کے ساتھ دودھ نہ چھوڑتا ہو تو اسے چند روز تک درج ذیل دعا لکھ کر پلائی جائے تو آسانی کے ساتھ دودھ چھوڑ دے گا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْمَتِيْنِ الَّذِىْ يَرْزُقُ مَنْ يَشَآءُ بِقُوَّةِ الْمَتِيْنِ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ O

## ۹۲ ...... آسانی کیساتھ بچہ کے دانت نکلنے کا پہلا وظیفہ:

سورہ ''ق'' ایک کاغذ پر لکھیں پھر اسے دھو کر اس کا پانی بچہ کے دانتوں کی جگہ پر ملیں، انشاء اللہ تعالیٰ آسانی کے ساتھ بغیر تکلیف کے دانت نکل آئیں گے (کمالات عزیزی)

## ۹۳ ...... آسانی کیساتھ بچہ کے دانت نکلنے کا دوسرا وظیفہ:

سورہ ق کے شروع سے الخروج تک (یعنی پہلی آیت سے گیارہویں آیت تک) لکھیں اور اسے دھو کر بچہ کو پلائیں تو اس سے بھی آسانی کے ساتھ دانت نکل آئیں گے۔

## ۹۴ ...... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا پہلا وظیفہ:

درج ذیل آیت کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دیں، رونا ختم ہو جائے گا:

وَلَبِثُوْا فِىْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



تِسْعًا ، يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ
وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا
هَمْسًا (گنجینہ اسرار)

## ۹۵...... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

درج ذیل آیت کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دیں، رونا ختم ہو جائے گا:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ
لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ .

## ۹۶...... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا تیسرا وظیفہ:

اگر بچہ روتا ہے تو ایک کاغذ پر درج ذیل مبارک آیتوں کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ
لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَبُشْرٰى
لِلْمُحْسِنِيْنَ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اُولٰٓئِكَ
اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا جَزَآءً بِمَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ .

(طب روحانی)



## ۹۷...... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا چوتھا وظیفہ:

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا
هَمْسًا . (سورہ طٰہٰ: ۱۰۸)

یہ آیت تین مرتبہ یا سات مرتبہ بچے پر دم کرے یا پینے کے تعویذ بنا کر پلائے یا تعویذ لکھ کر گلے میں لٹکا دے۔ (تحفۂ صندلیہ)

## ۹۸...... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا پانچواں وظیفہ:

سورہ فلق اور سورہ الناس تین بار پڑھ کر بچوں پر دم کریں یا تعویذ بنا کر ان کی گردن میں لٹکا دیں۔ (تحفہ صندلیہ)

## ۹۹...... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا چھٹا وظیفہ:

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا
هَمْسًا .(سورہ طٰہٰ)

۱۱ تعویذ ۱۱ دن استعمال کریں۔ (تحفہ صندلیہ)

## ۱۰۰...... رونے، ڈرنے اور نظر بد سے حفاظت کا وظیفہ:

سورۂ ابراہیم:...... سفید حریر کے ٹکڑے پر اس کو باوضو لکھ کر لڑکے کے باندھ دے تو رونا اور ڈرنا اور نظر بد دفع ہو جائے اور دودھ چھڑانا آسان ہو۔

(اعمال قرآنی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۱۰۱......ڈرنے والے بچہ کے لئے وظیفہ:

سورہ مدثر کی ابتدائی سات آیات خواب میں ڈرنے، رونے اور نیند اچاٹ ہو جانے کو ختم کرنے کے لئے ایک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ مرض دور ہو جائے گا۔ یہ نہایت مجرب ہے۔

(آئینہ عملیات)

## ۱۰۲......نہ بولنے والے بچے کے لئے پہلا وظیفہ:

سورہ اسراء اگر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر اس بچہ کو پلائیں جس کی زبان نہ چلتی ہو تو زبان چلنے لگے گی۔ (اعمال قرآنی۔ گنجینہ اسرار)

## ۱۰۳......نہ بولنے والے بچے کے لئے دوسرا وظیفہ:

اگر کوئی بچہ تین چار برس کا ہو جائے اور بولنا نہ شروع کرے اس کو روزانہ اکیس روز تک درج ذیل آیتوں کو لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مفید و مجرب ہے، انشاء اللہ اکیس روز کے عرصہ میں بولنے لگے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اِنِّیۡ عَبۡدُ اللّٰهِ اٰتٰنِیَ
الۡكِتٰبَ وَجَعَلَنِیۡ نَبِيًّا وَّجَعَلَنِیۡ مُبٰرَكًا اَيۡنَ مَا
كُنۡتُ وَاَوۡصٰنِیۡ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمۡتُ حَيًّا
وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیۡ وَلَمۡ يَجۡعَلۡنِیۡ جَبَّارًا شَقِيًّا وَّالسَّلٰمُ
عَلَیَّ يَوۡمَ وُلِدۡتُّ وَيَوۡمَ اَمُوۡتُ وَيَوۡمَ اُبۡعَثُ حَيًّا ۔



## ۱۰۴......نہ چل سکنے والے بچے کے لئے وظیفہ:

اسم حق تعالیٰ "المتین" ہرن کی جھلی پر لکھیں اور خوشبو کا بخور دے کر اس اپاہج بچہ کے گلے میں ڈالیں، تو اس سے اس کو وقت رفتار حاصل ہو جائے گی۔

(مجربات دیربی)

## ۱۰۵......بستر پر پیشاب کرنے والے بچے کے لئے وظیفہ:

اگر پیشاب بستر پر نکل جاتا ہو تو سات مرتبہ درج ذیل آیت لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے، انشاء اللہ شفا ہو گی۔ وہ آیت یہ ہے:

وَقِيۡلَ يٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ
وَغِيۡضَ الۡمَآءُ وَقُضِیَ الۡاَمۡرُ O (گنجینہ اسرار)

## ۱۰۶......کمزور بچے کی صحت کے لئے پہلا وظیفہ:

اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی سوکھتا ہی چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض معلوم نہ ہوا تو ایسے مریض کے لئے ایک ہزار تیرہ (۱۰۱۳) مرتبہ درج ذیل آیت کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پاؤ بھر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھ دیں پھر اس تیل سے تھوڑا تھوڑا ہر روز مریض کے بدن پر مالش کریں، انشاء اللہ گیارہ دن میں مریض قوی اور تندرست ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

فَانۡظُرۡ اِلٰٓی اٰثٰرِ رَحۡمَتِ اللّٰهِ كَيۡفَ يُحۡیِ
الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحۡیِ الۡمَوۡتٰی
وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِيۡرٌ O

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۱۰۷......کمزور بچے کی صحت کے لئے دوسرا وظیفہ:

دن میں تین مرتبہ با وضو ہو کر گیارہ مرتبہ سورۃ التین پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پلائیں، گیارہ یوم تک اس عمل کو بلا ناغہ کریں، انشاء اللہ تعالیٰ سوکھا پن جاتا رہے گا۔ (طب روحانی)

## ۱۰۸......بے اولاد افراد کے لئے انمول وظیفہ:

مرد کے لئے ۴۱ عدد کالی مرچ اور ۴۱ عدد لونگ لے کر ان پر اکتالیس مرتبہ یہ آیت دم کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ . وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِأَيْدٍ
وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ. (الذریات ۴۷)

نیز اس آیت کے پینے والے تیس تعویذ بھی بنائیں۔ رات کو سونے سے پہلے وہ بے اولاد مرد ایک دانہ کالی مرچ اور ایک دانہ لونگ کھائے اور اس کے بعد ایک تعویذ کو چاٹے اور اس کے بعد پانی نہ پیئے۔

عورت کے لئے ۴۱ عدد کالی مرچ ۴۱ عدد لونگ لے کر ان پر اکتالیس مرتبہ یہ آیت دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا
فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ. (الذریات ۴۸)

نیز اس آیت کے پینے والے اکتالیس تعویذ بھی بنائیں، رات کو سونے سے پہلے وہ بے اولاد عورت ایک دانہ کالی مرچ اور ایک دانہ لونگ کھائے اور اس کے بعد ایک تعویز چاٹے اور اس کے بعد پانی نہ پیئے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ کا فضل



ہو جائے گا۔

تنبیہ: ...... عورت ماہواری کے ایام میں کالی مرچ، لونگ اور تعویذ استعمال نہ کرے بلکہ ان ایام میں ناغہ کر کے صرف پاکی کے دنوں میں یہ چیزیں استعمال کرے۔ (تحفۂ صندلیہ)

## ۱۰۹......اولاد کے حصول کے لئے پہلا وظیفہ:

اَلْمُتَكَبِّرُ :

جو کوئی اپنے حلال بستر میں داخل ہونے سے پہلے دس بار اَلْمُتَكَبِّرُ پڑھے اللہ جل شانہ اسے پرہیزگار اور نیک فرزند عطا فرمائے گا۔ (تحفہ سعادت، ۱۵۲)

## ۱۱۰......اولاد کے حصول کے لئے دوسرا وظیفہ:

اَلْخَالِقُ :

جو کوئی ایک ہزار بار اَلْخَالِقُ پڑھا کرے اسے اولاد نرینہ عطا ہوگی۔
(تحفہ سعادت)

## ۱۱۱......اولاد کے حصول کے لئے تیسرا وظیفہ:

اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ:

اگر بانجھ عورت سات روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد اکیس مرتبہ اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ پڑھے تو انشاء اللہ اولاد نرینہ نصیب ہوگی۔
(تحفہ سعادت)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۱۱۲......اولاد کے حصول کے لئے چوتھا وظیفہ:

**اَلْمُصَوِّرُ:**

جو سات دن تک روزے رکھے اور افطار سے پہلے اور غروب سے پہلے اکیس بار اَلْمُصَوِّرُ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی بانجھ عورت کو پلائے تو انشاء اللہ اس کا بانجھ پن دور ہو جائے گا اور جو شخص اپنے بستر پر آ کر سات بار یہ اسم پڑھ کر ہمبستری کرے تو اللہ تعالی اسے نیک اولاد عطا فرمائے گا۔

(تحفہ سعادت)

## ۱۱۳......اولاد کے حصول کے لئے پانچواں وظیفہ:

**اَلْمُبْدِی:**

جس کی بیوی کو حمل ہو اور وہ اسقاط حمل سے ڈرتا ہو سحری کے وقت نوے بار اَلْمُبْدِئُ پڑھ کر شہادت کی انگلی بیوی کے پیٹ کے گرد یا شکم پر پھیر دے حمل انشاء اللہ ساقط نہ ہوگا۔ (تحفہ سعادت)

## ۱۱۴......اولاد کے حصول کے لئے چھٹا وظیفہ:

**اَلْوَاحِد:**

جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اَلْوَاحِدُ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔ اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ اولاد نرینہ کے لئے بھی یہ عمل مفید ہے (تحفہ سعادت)



## ۱۱۵......اولاد کے حصول کے لئے ساتواں وظیفہ:

**اَلْاَوَّلُ:**

جس شخص کے لڑکا نہ ہو وہ چالیس مرتبہ روزانہ اَلْاَوَّلُ پڑھا کرے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ (تحفہ سعادت)

## ۱۱۶......اولاد کے حصول کے لئے آٹھواں وظیفہ:

**اَلنَّافِع:**

جو شخص بیوی سے جماع کرنے کے وقت سے کچھ پہلے اَلنَّافِعُ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ اولاد صالح نصیب ہوگی۔ (تحفہ سعادت)

## ۱۱۷......اولاد کے حصول کے لئے نواں وظیفہ:

**اَلرَّشِیْدُ:**

جو مباشرت سے پہلے اَلرَّشِیْدُ پڑھے انشاء اللہ فرزند صالح و پرہیزگار پیدا ہوگا۔ (تحفہ سعادت)

## ۱۱۸......بچوں کے جلدی امراض کے لئے وظیفہ:

اِعْصَارٌ فِیْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ۔ (البقرۃ ۲۶۶)

(۱)......طاق عدد میں پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

(۲)......یا پینے کے ۴۱ تعویذ بنا کر پلائیں (ہر دن، ایک تعویذ)

(۳)......پانی پر دم کرے پھر مریض کو کسی بڑے برتن میں کھڑا کر کے اس پر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



یہ پانی ڈالیں پھر استعمال شدہ پانی کسی پاک جگہ پھینک دیں۔ (تحفہ صندلیہ)

## ۱۱۹...... تسہیل ولادت کے لئے:

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ.

(سورہ انشقاق: ۵،۴)

گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے عورت کو کھلا پلا دیں اور پانچ یا سات پینے کی تعویذ بنا کر اسے چٹائیں۔ (تحفہ صندلیہ)

## ۱۲۰...... برائے اولاد:

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ

(سورہ انبیاء: ۸۹)

جس کو اولاد سے مایوسی ہو نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالی صاحب اولاد ہو جائے گا۔ یہ حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا ہے۔

(اعمال قرآنی)

## ۱۲۱...... برائے ولادت نیک وصالح فرزند:

سورہ یوسف باوضو لکھ کر حاملہ عورت باندھ لے، انشاء اللہ نیک وصالح فرزند جنے گی۔ (تحفۃ صندلیہ)

## ۱۲۲...... برائے صالح اولاد:

رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ



الدُّعَاءِ. (ال عمران ۳۸)

۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے اولاد کو کھلائیں یا روزانہ ۴۱ مرتبہ ورد میں رکھیں۔ (تحفہ صندلیہ)

## ۱۲۳...... ولادت میں آسانی کے لئے وظیفہ:

يَا حَلِيمُ ذَا لَانَائَة فَلَا يُعَادُ لَهُ شَيْءٌ مِنْ خَلْقِهٖ

غائب کو حاضر کرنے کے لئے اس کا تصور کر کے ۳۱۳ مرتبہ یہ دعا پڑھیں اول آخر گیارہ گیارہ بار درود قادری۔

اور ولادت میں آسانی کے لئے لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھیں انشاء اللہ زچگی میں آسانی ہوگی۔ (تحفہ صندلیہ)

## ۱۲۴...... نظر بد کے لئے:

درج ذیل آیات لکھ کر باندھے اور پڑھ کر دم کرے۔

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ وَمَا يَسْتَوِي
الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْءُ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ اِنَّ
السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
لَا يُؤْمِنُوْنَ. فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ
ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا
وَّهُوَ حَسِيْرٌ. (سورہ ملک: ۳،۴)(اعمال قرآنی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۱۲۵...... نظر بد ختم کرنے کا وظیفہ:

بِسْمِ اللّٰهِ حَبْسُ حَابِسٍ وَحِجْرُ يَابِسٍ وَّشِهَابُ قَابِسٍ رُدَّتْ عَيْنُ الْعَائِنِ عَلَيْهِ وَعَلٰى أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيْهِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ۔

مندرجہ بالا الفاظ و آیت لکھ کر تعویذ بنا کر مریض کو دیں یا پانی پر دم کر کے مریض کو وہ پانی پلائیں اور اس پر چھڑکیں یا پانی پر دم کر کے اس پانی سے مریض کو غسل کرائیں پھر استعمال شدہ پانی کسی پاک جگہ پر بہا دیں۔ (تحفہ صندلیہ)

## ۱۲۶...... بچہ کو تمام آفات سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ:

بچہ کے پیدائش کے وقت سورہ جاثیہ لکھ کر اس (بچہ) کو باندھ دیں، اس سے بچہ تمام آفات اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔ (اعمال قرآنی)

## ۱۲۷...... نیک بچہ پیدا ہونے کے لئے وظیفہ:

سورہ الفجر کو وسط شب میں پڑھ کر جماع کرنے سے نیک منش اولاد پیدا ہو گی۔ (اعمال قرآنی)

## ۱۲۸...... مال و اولاد کی حفاظت کا پہلا وظیفہ:

سورۂ فاتحہ :



### خاصیت :

حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ سے منقول ہے کہ جمعہ کے روز جب امام سلام پھیرے اس وقت الحمد شریف اور قل ھو اللہ، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس سات سات بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے دین اور دنیا اور اہل و عیال اور اولاد کو ہر بلا سے جمعہ آئندہ تک محفوظ رکھیں گے۔ (اعمال قرآنی)

## ۱۲۹...... مال و اولاد کی حفاظت کا دوسرا وظیفہ:

اَلرَّقِيْبُ :

کا ذکر کثرت سے کرنے سے مال و عیال محفوظ رہتے ہیں۔ سفر میں جاتے وقت اپنے اہل و اولاد میں سے جس پر کوئی خطرہ یا فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھے انشاء اللہ وہ مامون رہے گا اور اگر سات بار یا ستر بار اپنی بیوی یا فرزند یا مال پر پڑھ کر دم کرے جنات اور تمام دشمنوں اور تمام آفتوں سے انشاء اللہ محفوظ رہیں گے اور ان کا رعب بھی بڑھ جائے گا۔ (تحفہ سعادت)

## ۱۳۰...... مال و اولاد کی حفاظت کا تیسرا وظیفہ:

اَلْبَرُّ :

جو کوئی ایک سانس میں سات مرتبہ اپنے لڑکے پر اَلْبَرُّ پڑھ کر اسے اللہ کے سپرد کر دے گا وہ بچہ انشاء اللہ بلوغ تک تمام آفات۔ سے محروم رہے گا اور جو اپنے بچے کے سر کے درمیان ہاتھ رکھ کر پندرہ بار پڑھ کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ هٰذَا اسْمِ رَبِّهٖ لَا يَتِيْمًا وَّلَا لَئِيْمًا

تو انشاء اللہ یہ دعا قبول ہوگی۔ بچہ نہ یتیم ہوگا اور نہ ہی لئیم۔ (تحفہ سعادت)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۱۳۱...... مال یا بیٹا گم ہونے کا وظیفہ:

**اَلْخَالِقُ :**

جس کا مال یا بیٹا گم ہو گیا ہو اگر وہ پانچ ہزار بار اَلْخَالِقُ کا ورد کرے تو وہ گمشدہ واپس آ جائے گا۔ (تحفہ سعادت)

## ۱۳۲...... مال اور گاڑی کی حفاظت کا وظیفہ:

**اَلرَّقِیْبُ :**

جو کوئی اپنا مال اسباب گاڑی وغیرہ کہیں چھوڑتے وقت اس اسم کو پڑھ لے تو انشاء اللہ چوری سے حفاظت رہے گی۔ مجرب ہے۔ (تحفہ سعادت)



# باب چہارم

## جسمانی بیماریوں کے مجرب وظائف

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# باب چہارم

## جسمانی بیماریوں کے مجرب وظائف

### ۱۳۳......نس بندی ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

اگر کسی نے جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی ہو جس کی وجہ سے جماع پر قادر نہ ہو تو ایک تلوار کے اوپر یہ عمل لکھ کر اس تلوار سے سیاہ مرغی کا ایک انڈہ (ابال کر) ٹھیک درمیان سے کاٹ کر اس کے دو حصے کرے، ایک حصہ عورت کھالے اور دوسرا حصہ مرد کھالے، انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس کی نس بندی کھل جائے گی، بقول حضرت انور شاہ کشمیریؒ کے کہ یہ مجرب ہے، وہ عمل یہ ہے:

بکص ء" لا لا رم لا لا لا ہ ہ ہ"

### ۱۳۴......نس بندی ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

اگر کسی شخص کی جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی گئی ہو تو کسی پاک برتن پر سورہ لم یکن الذین کفروا (سورہ بینہ) (مکمل) اس طرح سے لکھ کر کہ کوئی لفظ مٹا ہوا نہ ہو، دھو کر اسے پلایا جائے۔ یہ عمل تین دن تک کیا جائے انشاء اللہ وہ جماع پر قادر ہوگا (یعنی نس بندی کھل جائے گی۔ (گنجینہ اسرار)



نیز آخری چاروں قل یعنی سورۃ الکافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس اور سورۃ فاتحہ صبح شام تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اپنے کھانے کی چیزوں پر اور اپنے گھر کے چاروں طرف اور بستر پر پھونک مار دیا کریں سحر وغیرہ کے توڑنے کے لئے یہ مجرب عمل ہے۔

### ۱۳۵......چہرے کے کیل مہاسوں کا ایک اہم نسخہ:

لیموں کا رس تین مرتبہ کپڑے سے چھنا ہوا دو تولہ عرق گلاب، سہ آتشہ دو تولہ، گلیسرین اعلی والی دو تولی، تینوں چیزوں کو ایک شیشی میں ڈال کر یکجا کر لیں چہرے کی خوبصورتی بڑھانے کے لئے ایک بہترین چیز تیار ہے۔

دن میں کم از کم تین مرتبہ استعمال کرنا چہرے کے داغ مہاسے کیل وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے چہرے کی رنگت نکھر آتی ہے اور جلد ریشم کی طرح ملائم ہو جاتی ہے۔

### ۱۳۶...... داغ دھبوں کا علاج:

اگر بدن یا چہرے پر کوئی داغ دھبہ ہو تو اکتالیس مرتبہ دوا یا مرہم پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کریں اور پھر وہ دوا یا مرہم استعمال کریں، انشاء اللہ ہر طرح کا داغ دھبہ دور ہو جائے گا: مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا O

### ۱۳۷...... چہرے اور پشت کے مسوں کا علاج:

مونجھ کی غیر مستعمل رسی لیں پھر جتنی تعداد میں مسے ہوں اتنی ہی گانٹھیں اس

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



پر دیں، گرہ دیتے وقت مریض مسے پر شہادت کی انگلی رکھے اور عمل کرنے والا آیت کا یہ جملہ :

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا O

پڑھے، دم کرنے کی ضرورت نہیں، پھر دوسرے مسے پر انگلی رکھے اور عامل آیت کا مذکورہ حصہ پڑھے، اسی طرح جتنی ضرورت ہو عمل کر کے رسی کو لپیٹ لیں اور کسی گندے ملبے کے ذخیرے کے اندر دبا دیں جہاں کم سے کم دو ہفتے دبی رہے اس سے پہلے ہرگز نہ نکالیں، تین چار روز کے بعد مسے از خود گرنے شروع ہو جائیں گے اور چند دنوں میں جلد صاف ہو جائے گی۔

## ۱۳۸...... جریان ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

جریان کے مریض کو سورہ حجرات تین بار پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلایا جائے، انشاءاللہ شفا ہو جائے گی۔ (عملیات کشمیری)

## ۱۳۹...... جریان ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

بعد نماز عصر اول و آخر سات مرتبہ درود شریف اور سو مرتبہ یہ آیت پڑھنا جریان کے لئے بہت مفید ہے :

رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ O

## ۱۴۰...... کثرت احتلام ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

بستر پر جاتے وقت سورۂ طارق پڑھ لی جائے تو کبھی کثرت احتلام کا مرض



نہیں ہوگا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہو تو بالکل ختم ہو جائے گا، یہ بہت مجرب عمل ہے۔ (کمالات عزیزی)

## ۱۴۱ ...... کثرت احتلام ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

کثرت احتلام کا مریض سوتے وقت اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے ''عمر'' لکھے اور رات کو جب بھی آنکھ کھلے اسی طرح ''عمر'' لکھے، انشاءاللہ ہرگز احتلام نہیں ہوگا۔ (آئینہ عملیات)

## ۱۴۲ ...... سرعتِ انزال کو دور کرنے کا مجرب وظیفہ:

مندرجہ ذیل تعویذ انگور کے پتے پر لکھ کر بائیں ران پر باندھنا امساک یعنی سرعت انزال کو دور کرنے کے لئے مفید ہے :

أبجد، هوز، حطى، كلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ O وَقِيْلَ يٰاَرْضُ ابْلَعِىْ مَاءَكِ، وَيٰا سَمَاءُ أَقْلِعِىْ، وَغِيْضَ الْمَاءُ، وَقُضِىَ الْاَمْرُ O كُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللهُ O اَمْسِکْ اَيُّهَا الْمَاءُ النَّازِلُ مِنْ صُلْبِ " فُلَانَ بْنَ فُلَانَةِ " لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ O

نوٹ : ...... فلان بن فلانة کی جگہ مریض کا نام لکھا جائے۔ (علاج قرآنی)

## ۱۴۳ ...... کثرت خواہش کو کم کرنے کا پہلا وظیفہ:

سورۃ النور کو آب زم زم سے لکھ کر پیا جائے تو شہوتِ جماع کا زور کم

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



ہو جائے گا۔

## ۱۴۴...... کثرت خواہش کو کم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

اگر کسی کو شہوت ستائے اور گناہ کا احتمال ہو تو اللہ کے وہ اسماء جن میں "ی" آتی ہے ان کو کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے گھول کر پلائیں، صبح سات دن تک پہلے پلیٹ میں پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھیں، پھر یہ نام لکھیں تو انشاء اللہ سکون ہو جائے گا۔ "ی" والے نام مثلاً:

قَدِیْرٌ O خَبِیْرٌ O بَصِیْرٌ O عَلِیْمٌ O حَکِیْمٌ O
عَزِیْزٌ O کَرِیْمٌ O حَلِیْمٌ O جَلِیْلٌ O رَحِیْمٌ O

## ۱۴۵...... حیض کی کمی اور درد کو ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

جس عورت کی ماہواری میں کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو مندرجہ ذیل آیات کو لکھ کر کمر میں اس طرح باندھیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے، انشاء اللہ شفا ہو جائے گی:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O وَجَعَلْنَا فِیْھَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّعِنَبٍ وَّ فَجَّرْنَا فِیْھَا مِنَ الْعُیُوْنِ، لِیَاْکُلُوْا مِنْ ثَمَرِہٖ وَمَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْھِمْ، اَفَلَا یَشْکُرُوْنَ O اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰھُمَا، وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ O . (آئینہ عملیات)



## ۱۴۶...... حیض کی کمی اور درد کو ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

جس عورت کو حیض کے آنے میں درد ہوتا ہو، تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلام کو لکھ کر شہد یا مصری کے شربت میں ملا کر تین روز تک متواتر پلایا جائے، انشاء اللہ فوراً آرام آجائے گا:

یَااَللّٰہُ ، یَا رَحْمٰنُ ، یَا رَحِیْمُ ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمُ ، یَا نُوْرُ ، حٰمٓ اَللّٰہُ ، حٰمٓ اَللّٰہُ ، حٰمٓ اَللّٰہُ ، حٰمٓ اَللّٰہُ ، حٰمٓ اَللّٰہُ ، حٰمٓ اَللّٰہُ ، حٰمٓ اَللّٰہُ ، یَا نُوْرُ ، یَا بَصِیْرُ ، اَللّٰہُ یَا بَصِیْرُ ، اَللّٰہُ یَالَطِیْفُ ، یَا شَافِیَ اللّٰہُ ، یَا شَافِیَ اللّٰہ کَافِیْ ، یَا نُوْرُ O.

## ۱۴۷...... حیض کے درد کو ختم کرنے کا وظیفہ:

جو عورت حالتِ حیض میں کثرت کے ساتھ المتعالی کا ذکر کرے، انشاء اللہ اس کی تکلیف دور ہو جائے گی۔ (تحفۂ سعادت)

## ۱۴۸...... کثرتِ حیض کو کم کرنے کا وظیفہ:

حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورہ دھر پانی پر دم کر کے پلایا جائے، انشاء اللہ خون آنا بند ہو جائے گا۔ (عملیات کشمیری)

## ۱۴۹...... لیکوریا ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

اگر کسی عورت کو لیکوریا ہو گیا ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیات عرق گلاب پر دم کر کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



اکتالیس روز تک پلایا جائے، انشاء اللہ مرض ختم ہو جائے گا:

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ O وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ O بِحَقِّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ O (عملیات کشمیری)

## ۱۵۰......لیکوریا ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

لیکوریا کے مرض کے شفا بخش علاج کے لئے باوضو ہو کر پاک وسفید کاغذ پر سورہ النجم زعفران سے لکھیں اور کاغذ آب زم زم یا عام پانی میں گھول کر پلا دیں، انشاء اللہ سات یوم کے مسلسل عمل سے لیکوریا کا مرض بالکل ختم ہو جائے گا ،اس عمل کے کرنے سے رحم کے دیگر امراض میں بھی انشاء اللہ تعالی شفاء نصیب ہو گی۔ (علاج قرآنی)

## ۱۵۱......رحم کے درد کو ختم کرنے کا وظیفہ:

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر بازو پر باندھیں، انشاء اللہ صحت ہو گی، درمیان والے خانہ میں مریضہ کا نام لکھیں۔ وہ نقش یہ ہے:

| | | |
|---|---|---|
| يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ | يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ | يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ |
| يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ | یہاں مریض کا نام لکھیں | يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ |
| يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ | يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ | يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ |

## ۱۵۲......سینہ ابھارنے کا وظیفہ:

عورت کے سینہ (پستانوں) کو ابھارنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت لکھ کر



پستانوں پر باندھنا بہت مجرب ہے، اس سے پستان ابھر آتے ہیں :

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ، نُسْقِيكُمْ مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ O

## ۱۵۳......سینہ کی سوجن کو ختم کرنے کا وظیفہ:

اگر پستان پر ورم آگیا ہو تو سورہ اخلاص اور معوذتین دس دس بار پانی پر دم کر کے پلایا جائے، انشاء اللہ ورم ختم ہو جائے گا۔

## ۱۵۴......سینہ کے درد کو ختم کرنے کا وظیفہ:

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ، نُسْقِيكُمْ مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ O

## ۱۵۵......دودھ کی کمی کو ختم کرنے کا وظیفہ:

جس عورت کے دودھ کم ہو یا دودھ خشک ہو گیا ہو تو اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر سات مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر لاہوری نمک پر دم کرے اور اپنے کھانے پینے کی اشیاء میں استعمال کرے، انشاء اللہ دودھ بڑھ جائے گا۔ مَثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ، كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ ، فِي كُلِّ سُنبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ O

## ۱۵۶......عورت کا دودھ بڑھانے کا پہلا وظیفہ:

اگر عورت کے پستان میں دودھ نہ پیدا ہوتا ہو تو ایک سو ایک بار مندرجہ ذیل آیت بارش کے پانی پر دم کر کے پلایا جائے، انشاءاللہ خوب دودھ پیدا ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ O فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ O (عملیات کشمیری)

## ۱۵۷...... عورت کا دودھ بڑھانے کا تیسرا وظیفہ:

سورہ یسین لکھ کر پلانے سے دودھ پلانے والی عورت کا دودھ بڑھ جاتا ہے

(تحفہ صندلیہ)

## ۱۵۸......عورت کے دودھ بڑھانے کا چوتھا وظیفہ:

سورۃ الحجر وما ابری نفسی جو شخص اس کو زعفران سے لکھ کر کسی عورت کو پلائے اس کا دودھ بڑھ جائے۔ (اعمال قرآنی)

## ۱۵۹............بانجھ پن ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

مندرجہ ذیل آیت گلاب و زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر بانجھ مرد یا عورت کے گلے میں ڈالیں اور اکیس دن یہی آیت گلاب و زعفران سے کاغذ یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں، ان شاءاللہ بانجھ پن دور ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:



وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ ، اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ ، اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ، بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا O

## ۱۶۰......بانجھ پن ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

چالیس لونگوں پر مندرجہ ذیل آیت کو سات بار پڑھیں اور ایک لونگ ہر روز کھائیں، حیض کا غسل کرنے کے بعد کھانا شروع کریں اور ہمبستر ہوں، شرط یہ ہے کہ لونگ رات کو کھائیں اور پانی نہ پئیں۔ وہ آیت یہ ہے:

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ، ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ، اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰهَا ، وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ O

## ۱۶۱......بانجھ پن ختم کرنے کا تیسرا وظیفہ:

جس عورت کے ہاں اولاد پیدا نہ ہوتی ہو، اسے چاہئے کہ متواتر تین ماہ تک مندرجہ ذیل آیت (کو کاغذ پر لکھے اور اسے) گھول کر پیا کرے، ایام حیض میں چھوڑ دے، جب پاک ہو جائے پھر شروع کر دے۔ وہ آیت یہ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ، هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ O

(مجربات و عملیات)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## ۱۶۲...... بانجھ پن ختم کرنے کا چوتھا وظیفہ:

کبھی کبھار عورت شوہر کے پاس جاتے وقت یہ آیت پڑھے، اکتالیس دانے لونگ لیں سات بار اس آیت کو پڑھ کر دم کریں اور جس دن عورت پاکی کا غسل کرے اسی دن سے ایک لونگ روزانہ سونے کے وقت کھانا شروع کرے اور کچھ وقت کے لئے پانی نہ پیئے۔ (تحفہ صندلیہ: ۶۱)

أَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ، ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ، إِذَا أَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰهَا ، وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ O (سورہ نور: ۴۰) بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ. (ھود ۴۱)

## ۱۶۳......خروج مشیمہ کے لئے وظیفہ:

اگر بچے کی پیدائش کے بعد وہ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے نہ نکلے تو ایک کپڑے کی چٹ پر درج ذیل کلمات لکھ کر عورت کی پیٹھ پر باندھیں، انشاء اللہ وہ جھلی فورا نکل آئے گی:

دَخَلَ جِبْرَئِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ وَاِسْرَافِيْلُ اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمْزُلِيْ اَيُّهَا الْمَشِيْمَةُ . (مجربات دیربی)



## ۱۶۴......مرض کمیڑا کو ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

اس مرض میں مبتلا بچوں کے ہاتھ پاؤں میں تشنج واقع ہوجاتا ہے، آنکھوں کے ڈھیلے اوپر کو کھنچ جاتے ہیں مرض کا جب زیادہ غلبہ ہوجائے تو بچے پر بے ہوشی بھی طاری ہوجاتی ہے۔ ایسی صورت میں درج ذیل وظیفہ کیا جائے:

فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ سور فاتحہ، بسم اللہ کے ساتھ پوری پڑھ کر مٹھائی یا پانی پر دم کر کے مسان کے مریض کو کھلایا یا پلایا جائے تو انشاء اللہ مرض ختم ہوجائے گا۔ (عملیات کشمیری۔کمالات عزیزی)

## ۱۶۵......مرض کمیڑا کو ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

جس بچے کو مسان کی شکایت ہو مندرجہ ذیل آیات لکھ کر اس بچے کے گلے میں ڈالیں، انشاء اللہ بچہ مسان اور جملہ آفات سے محفوظ رہے گا، بہتر یہ ہے کہ بچے کے پیدا ہوتے ہی گلے میں ڈال دیں۔ وہ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّاءٍ صَدِيْدٍ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَّ مِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ . (آئینہ عملیات)

## ۱۶۶...... نامردی کو دور کرنے کا پہلا وظیفہ:

جو شخص جماع پر قادر نہ ہو، اسے نماز فجر کے بعد یہ آیت مرغی کے انڈے پر دم کر کے اکتالیس روز تک مسلسل ایسا انڈا کھلایا جائے، انشاء اللہ وہ جماع پر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



قادر ہو جائے گا، یہ بہت مجرب ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمُ الَّذِیۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا، وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالًا كَثِیۡرًا وَّنِسَآءً، وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیۡ تَسَآءَلُوۡنَ بِهٖ وَالۡاَرۡحَامَ، اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیۡكُمۡ رَقِیۡبًا O

## ۱۶۷...... نامردی دور کرنے کا دوسرا وظیفہ:

درج ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی مریض کو پلائیں یا مریض خود پڑھ کر دم کرے اور پیئے۔ رغبت پیدا کرنے کے لئے اس آیت کا تعویذ ناف پر باندھنا مفید ہے۔

فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ رَبِّیۡ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ وَكَانَ وَعۡدُ رَبِّیۡ حَقًّا وَتَرَكۡنَا بَعۡضَهُمۡ یَوۡمَئِذٍ یَّمُوۡجُ فِیۡ بَعۡضٍ وَّنُفِخَ فِی الصُّوۡرِ فَجَمَعۡنٰهُمۡ جَمۡعًا

(سورہ کہف...... تحفہ صندلیہ)

## ۱۶۸...... شہوت نفسانی پر غالب ہونے کا وظیفہ:

اَلۡمَلِکُ الۡعَزِیۡزُ: اس کی کثرت سے شہوات نفسانیہ مغلوب رہیں گی۔

(اعمال قرآنی)

## ۱۶۹...... برائے حفاظت احتلام:

سورۃ النور (پ ۱۸) اس کو لکھ کر پاس رکھنے سے احتلام سے محفوظ رہتا ہے



اور اگر اس کو آب زمزم سے لکھ کر پیوے تو شہوت جماع منقطع ہو جائے۔

(اعمال قرآنی ۱۲۴)

## ۱۷۰...... برائے حفاظت احتلام:

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ وَمَآ اَدۡرٰكَ مَا الطَّارِقُ النَّجۡمُ الثَّاقِبُ اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَیۡهَا حَافِظٌ فَلۡیَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ یَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَیۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ اِنَّهٗ عَلٰی رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ یَوۡمَ تُبۡلَی السَّرَآئِرُ فَمَا لَهٗ مِنۡ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ. (سورۃ طارق)

سوتے وقت پڑھنے سے احتلام سے حفاظت رہتی ہے۔ (اعمال قرآنی)

## ۱۷۱...... برائے حفاظت احتلام:

سورۃ المعارج (پ ۲۹)، اس کو سوتے وقت پڑھنے سے جنابت اور پریشان خواب سے محفوظ رہے۔ (اعمال قرآنی)

## ۱۷۲...... برائے قدرت جماع:

حسن بصریؒ سے ذکر کیا گیا کہ فلاں شخص نے نکاح کیا مگر عورت پر قادر نہیں ہوا آپ نے دو بیضے جوش دئے ہوئے منگائے اور چھلکا اتار کر ایک پر یہ آیت لکھی۔

وَالسَّمَآءَ بَنَیۡنٰهَا بِاَیۡىدٍ وَّاِنَّا لَمُوۡسِعُوۡنَ

اور مرد کو کھانے کے لئے دے دیا اور دوسرے پر یہ آیت لکھی:

